DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

# قومی کھلاڑیوں نے نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کے لیے بائیو سیکیور ببل جوائن کر لیا

**ملتان، 25 ستمبر 2020ء:**

پہلے کوویڈ 19 ٹیسٹ منفی آنے کے بعد انگلینڈ سے وطن واپس لوٹنے والے 21 کھلاڑیوں کے دوسرے کوویڈ 19 ٹیسٹ کی رپورٹ بھی منفی آئی ہے۔

مسلسل 2 ٹیسٹ کی رپورٹ منفی آنے کے بعد اب یہ تمام کرکٹرز نیشنل ٹی ٹونٹی کپ فرسٹ الیون ٹورنامنٹ میں شرکت کے لیے ملتان میں بنائے گئے بائیو سیکیور ببل کا حصہ بن گئے ہیں، جہاں انہیں آپس میں ملنے جلنے کی مکمل آزادی ہے۔

ان کھلاڑیوں میں ناردرن کے محمد عامر، حیدر علی، حارث رؤف اور شاداب، سنٹرل پنجاب کے عابد علی اور نسیم شاہ، سدرن پنجاب کے محمد عباس، خیبر پختونخوا کے شاہین شاہ آفریدی، عثمان شنواری، محمد رضوان، محمد حفیظ، فخر زمان، شعیب ملک، عمران خان سینئر اور افتخار احمد، بلوچستان کے یاسر شاہ، کاشف بھٹی اور امام الحق جبکہ سندھ کے سہیل خان، محمد حسنین اور اسد شفیق شامل ہیں۔

ناردرن کے آل راؤنڈر سہیل تنویر نے بھی بائیو سیکیور ببل کو جوائن کر لیا ہے۔

علاوہ ازیں، سرفراز احمد کے آج ہونے والے دوسرے کوویڈ 19 ٹیسٹ کی رپورٹ کل متوقع ہے جبکہ وکٹ کیپر بیٹسمین کامران اکمل کا کوویڈ 19 ٹیسٹ آج شام پی سی بی کے سنٹرل اسٹیشن پر کیا جائے گا۔

اس سے قبل ان اسکواڈز میں شامل جس فرد کا پہلا کوویڈ 19 ٹیسٹ مثبت آیا تھا، اس کے دوسرے کوویڈ 19 ٹیسٹ منفی آگیا ہے۔ سیلف آئسولیشن میں موجود اس فرد کا تیسرا کوویڈ 19 ٹیسٹ 30 ستمبر بروز بدھ کو لیا جائے گا۔

